نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکیج کے منصوبوں اوراگیتی کپاس کی کاشت بارے جائزہ لیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے پرعزم ہیں۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب

لاہور، **17** جنوری **2025**:صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکیج کے اہم منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے ترجیحاً اقدامات کررہی ہیں۔صوبہ میں 5 ایکڑ اوراس سے زائد ملکیتی رقبہ کے کسانوں کو گرین ٹریکٹر پروگرام کے دوسرے مرحلہ میں 65، 75اور 85ہارس پاور کے ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت 5ارب روپے کی لاگت سے 5 ہزار گرین ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔انھوں نے مزید کہا کہ اس فیز میں چھوٹے کاشتکار بھی اس سکیم کا حصّہ ہوں گے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت صوبہ تین سالوں کے دوران 60 ارب روپے کی لاگت سے کاشتکاروں کو زرعی آلات وجدید مشینری بھی سبسڈی پر فراہم کی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت بینک ودیگر مالیتی اداروں کے تعاون سے سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کاشتکاروں کو گندم کے جدید ہارویسٹرز، رائس ہارویسٹرز، مکئی کو سوکھانے والے ڈرائیرز اور دیگر اقسام کی مشینری کاشتکاروں کو کرایہ پر دستیاب ہوگی۔مجموعی طور پر 13 اقسام کی جدید زرعی مشینری کاشتکاروں کو فراہم کی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی سے کاشتکاروں کو سہولت فراہم کی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت سروس پرووائیڈرز کو 5 کروڑ 50 لاکھ روپے تک کا بلاسود قرضہ فراہم کیا جائے گا۔وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت لمز کے تعاون سے زرعی مشینری کو کرایہ پر فراہم بھی کیا جائے گا۔اس ضمن میں یہ سروسز کاشتکاروں کو ماڈل ایگری مالز پر دستیاب ہوں گی۔4 ماڈل ایگری مالز میں ضلع ساہیوال میں 75 فیصد کام مکمل کیا جاچکا ہے جبکہ سرگودھا، ملتان اور بہاولپور میں ماڈل ایگری مالز کے قیام میں اپنی ٹائم لائنز کے مطابق پیش رفت جاری ہے۔

صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی۔اب تک 5 لاکھ 23 ہزار کسان کارڈز کے اجراء کی منظوری ہوچکی ہے اور ان میں سے 4 لاکھ 61 ہزار کسان کارڈز ڈلیور ہوچکے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 53.5 ارب روپے کی منظوری ہوچکی ہے جس میں سے اب تک 33 ارب

روپے کی خریداری کی جا چکی ہے۔وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکاروں میں سے 9008 کاشتکاروں نے گرین ٹریکٹرز کیلئے اپنے حصہ کی رقم جمع کرادی ہے۔اب تک 5608 ٹریکٹرز کاشتکاروں کوفراہم کئے جا چکے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب سولرائزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت 5 لاکھ 33 ہزار سے زائد درخواستوں کی وصولی ہوچکی ہے جس میں سکروٹنی کے بعد 3 لاکھ 79 ہزار درخواستوں کی منظوری ہوچکی ہے۔اس پروگرام کے تحت رواں ماہ کے دوران قرعہ اندازی کی جائے گی۔اجلاس میں صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے واضح کیا کہ جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع میں کپاس کی اگیتی کاشت کے فروغ کیلئے ترجیحاً اقدامات کئے جائیں اور ایگروایکالوجیکل زوننگ پرعملدرآمد کیا جائے گا تاکہ امسال کپاس کی بھرپور پیداوارحاصل کی جاسکے۔

اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجنیئر ساجد نصیراوررانا تجمل سمیت دیگرافسران موجود تھے۔

☆☆☆☆